1989ء سے مسلسل اشاعت | 31 مارچ تا 13 اپریل 2023 | شمارہ نمبر 14-15 | جلد نمبر 35

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG

بزنس مین گروپ

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on Golden Coin Pindo Art Card. 190 Gsm. Contact for Booking **IBM: 111-426-725**

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




# SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS



IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER



SINARSPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

### PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

### CAST COATED BOARDS

SINAR ROYAL — C2S GRAPHIC BOARD
SINAR VANDA — C1S WHITE BACk HIGH-BLUK
SINAR PLEX — C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD
SINAR FOLD — C1S WHITE BACK
SINAR CARD — C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK



### QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER
Sinar Tech



SINARSPECTRA
COLOR CUBE



### FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

رابطہ آفس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سٹی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

قیمت 100 روپے
چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک جیمبر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# اسٹیٹ بینک نے درآمدات پر ''کیش مارجن'' کی تمام شرائط واپس لے لیں

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے ساتھ اسٹاف لیول معاہدے تک پہنچنے کے لیے ایک اور شرط پوری کرتے ہوئے 2017 سے 2022 تک جاری کیے گئے 6 سرکلرز کے تحت درآمدات پر عائد کیش مارجن کی تمام شرائط کو ختم کر دیا۔ 24 مارچ کو بینکنگ پالیسی اینڈ ریگولیشن ڈیپارٹمنٹ کے سرکلر میں، اسٹیٹ بینک نے کہا کہ وہ 31 مارچ سے درآمدی آئٹمز پر عائد موجودہ کیش مارجن ریکوائرمنٹ واپس لے رہا ہے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے یہ اعلان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب کہ 17 مارچ کو ختم ہونے والے ہفتے میں اسٹیٹ بینک کے پاس زرمبادلہ کے ذخائر کا حجم 4 ارب 598 کروڑ ڈالر اور کمرشل بینکوں کے پاس 5 ارب 540 کروڑ ڈالر ریکارڈ کیا گیا۔ کیش مارجن وہ رقم ہوتی ہے جو درآمد کنندہ کو درآمدی لین دین شروع کرنے کے لیے اپنے بینک میں جمع کرانا ہوتی ہے جیسے لیٹر آف کریڈٹ کھولنا جب کہ یہ کیش مارجن درآمدی سامان کی مجموعی قیمت تک ہوسکتا ہے۔ کیش مارجن درآمدات کی حوصلہ شکنی کرنے کے ایک اقدام کے طور پر دیکھا جاتا ہے جب کہ بینک میں پہلے سے جمع کی جانے والی رقم درآمد کنندگان کے لیے مواقع کی لاگت کو بڑھا دیتی ہے۔ اپنے تازہ ترین سرکلر میں اسٹیٹ بینک پاکستان نے کہا کہ وہ اپنے ماضی کے تمام سرکلرز جو 2017، 2018، 2021 اور 2022 میں جاری کیے گئے تھے، انہیں 31 مارچ سے واپس لے رہا ہے۔ واضح رہے کہ 2017 میں اسٹیٹ بینک نے 404 آئٹمز پر 100 فیصد کیش مارجن عائد کیا تھا جب کہ 2018 میں بھی مرکزی بینک نے 131 آئٹمز پر اسے لاگو کیا تھا۔ پھر 2021 میں، اسٹیٹ بینک پاکستان نے 100 فیصد کیش مارجن کے ساتھ اشیا کی کل تعداد 525 تک بڑھا دی تھی۔

بینک دولت پاکستان
State Bank of Pakistan
75
عزم عالی شان شاد رہے پاکستان

اردو | Search SBP
MEDIA CENTRE | HELP DESK | CONTACT US

Home | About SBP | Laws & Regulations | Circulars/Notifications | Monetary Policy | Financial Markets | Publications | Economic Data | Financial Inclusion

Circulars/Notifications - Banking Policy & Regulations Department

**BPRD Circular Letter No. 06 of 2023** — **March 24, 2023**

The Presidents/Chief Executive Officers,
All Banks

Dear Sir / Madam,

**MARGIN RESTRICTION ON IMPORT OF ITEMS**

1. Please refer to BPRD Circular No. 02 of 2017, BPRD Circular No. 5 of 2018 and subsequent instructions on the captioned subject.
2. In this regard, it has been decided to withdraw existing Cash Margin Requirement (CMR) on import of items with effect from March 31, 2023.
3. Accordingly, CMR instructions issued vide BPRD Circular No. 02 of 2017, BPRD Circular No. 05 of 2018, BPRD Circular Letter No. 30 of 2021, BPRD Circular Letter No. 09 of 2022, BPRD Circular Letter No. 25 of 2022 and BPRD Circular Letter No. 37 of 2022 would stand withdrawn with effect from March 31, 2023.
4. Please acknowledge receipt.

Yours truly,
Sd/-
**(Muhammad Akhtar Javed)**
**Director**

Home | About SBP | Publications | Economic Data | Press Releases | Circulars/Notifications
Laws, Legislations & Regulations | Monetary Policy | Help Desk | SBP Videos | Feedback | Contact us
What's New? | Speeches | Online Tenders | Web Links | Educational Resources | Regulatory Returns
Library | Rupey ko Pehchano | Events | Zahid Husain Memorial Lecture | Careers | Sitemap

Best view Screen Resolution : 1024 * 768
Copyright © 2016. All Rights Reserved.

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے ایل سی مارجن ختم کئے جانے سے متعلق جاری ہونے والے سرکلر کا عکس

# ایف بی آر کی ٹی پی ایل ٹریکر کمپنی کو ٹرانس شپمنٹ کنسائنمنٹس پر ٹریکنگ ڈیوائس لگانے کی اجازت

کراچی (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ٹرانس شپمنٹ کارگو پر ٹریکنگ ڈیوائسز لگانے کے لئے ٹی پی ایل ٹریکر کو اختیارات دے دیئے ہیں۔ اس بارے میں ٹی پی ایل ٹریکر نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو باقاعدہ آگاہ کر دیا ہے تاکہ اسٹیک ہولڈرز کو اس بارے میں آگاہی مل سکے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو جاری کی گئی معلومات کے مطابق ٹی پی ایل ٹریکر لمیٹڈ کا کہنا ہے کہ ایف بی آر نے حال ہی میں جاری کردہ آفس لیٹر بتاریخ 20 مارچ 2023 اور ایس آر او 2012(I)431 بتاریخ 25 اپریل 2012 کے مطابق کمپنی کو ہدایت کی گئی ہے کہ ٹرانس شپمنٹ لے جانے والے کنٹینرز اور ٹرک پر ٹریکنگ ڈیوائس لگانا شروع کر دیں۔ ایف بی آر نے کمپنی کو مزید ہدایت کی ہے کہ ملک بھر کے تمام کسٹم اسٹیشنوں پر اپنا آپریشن شروع کریں اور ٹرانس شپمنٹ کے کنسائنمنٹس پر ٹریکنگ ڈوائس لگانے کا کام شروع کر دیں۔ ٹی پی ایل ٹریکر کا کہنا ہے کہ اس پروجیکٹ کے حاصل ہونے سے کمپنی کے پرافٹ میں خاطر خواہ اضافے کی امید کی جاسکتی ہے۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# اسٹیکر کی نظر ثانی شدہ ویلیوایشن رولنگ کا اجراء، تمام اقسام کی قیمتوں میں کمی

## 20 دسمبر کو جاری ہونے والی رولنگ نمبر 1715 کو 28 فروری کو کالعدم قرار دے دیا گیا تھا۔لینٹیک کی 2.10 ڈالر فی کلو مقرر

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈائریکٹر جنرل کسٹم ویلیوایشن گل رحمٰن نے اسٹیکر پیپر سے متعلق ویلیوایشن رولنگ نمبر 1715/2022 مورخہ 20 دسمبر 2022 کو 28 فروری 2023 کو کالعدم قرار دیا تھا اور 30 دن میں نئی رولنگ قوانین کے مطابق جاری کرنے کا حکم دیا تھا۔جس پر کسٹم ویلیوایشن ڈپارٹمنٹ نے 24 مارچ 2023 کو نظر ثانی کے بعد نئی ولنگ 1756/2023 جاری کر دی ہے۔ مذکورہ رولنگ کے خلاف نظر ثانی کی درخواست اسٹار کنورٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ کے علاوہ پاری ٹریڈرز ، سلمان پیپر پروڈکٹس پرائیویٹ لمیٹڈ ، ہمدم پیپر پروڈکٹس پرائیویٹ لمیٹڈ اور مدنی پیپر مارٹ لاہور نے علیحدہ علیحدہ دائر کی تھیں۔

اس سلسلے میں کسٹم نے 13 اور 15 مارچ کو اجلاس منعقد کئے جس میں متعلقہ فریقین نے شرکت کی اسٹار کنورٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ اور پاری ٹریڈرز نے موقف اختیار کیا کہ ان کی انڈونیشیا سے درآمد کردہ برانڈ ''لی واسٹا'' Livasta کو سابقہ رولنگ میں دیگر برانڈ میں شامل کر کے 3 ڈالر فی کلو ویلیو مقرر کی گئی تھی جبکہ ان کی قیمت درست ہونے کے باوجود اس پر غور نہیں کیا گیا تھا اور بغیر ثبوت کے 72 فیصد اضافہ کر دیا گیا تھا جبکہ انٹرنیشنل بزنس منیجمنٹ کے نمائندوں نے موقف اختیار کیا کہ لی واسٹا برانڈ اور لنٹیک برانڈ ایک ہی ہے اور اس میں کوئی فرق نہیں ہے۔ پاری ٹریڈرز اور اسٹار کنورٹرز نے کہا کہ لی واسٹا کا خام مال اور ویری ٹیک برانڈ کے لئے خام مال ایک مل ''پی ٹی پنڈو ڈیلی انڈونیشیا'' سے خریدا جاتا ہے۔آئی بی ایم نے کہا کہ ویری ٹیک اور لی واسٹا ایک جیسے نہیں ہیں۔ لی واسٹا کا معیار ویری ٹیک سے بہتر ہے اس لئے دونوں کی ایک ویلیو نہیں ہو سکتی ہے اور اسے مختلف ہونا چاہیئے۔ بعد ازاں دونوں فریقین نے اپنی اپنی تجاویز پیش کر دیں جس کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد اور مارکیٹ سروے کے بعد کسٹم ایکٹ کی دفعہ 25(7) اور 25(9) کے تحت قیمتوں کا تعین کر دیا گیا ہے۔ مزید برآں پاری ٹریڈرز اور اسٹار کنورٹر پرائیویٹ لمیٹڈ نے سندھ ہائی کورٹ میں علیحدہ علیحدہ پٹیشن بھی دائر کی تھیں اور انہیں دفعہ 81 کے تحت عبوری کلیرنس کی اجازت دی گئی تھی۔ واضح رہے کہ رولنگ 1715 میں سابقہ رولنگ نمبر 1533/2021 مورخہ 7 مئی 2021 کے مقابلے میں منفی 8 فیصد تا 72.50 فیصد تک اضافہ کیا گیا۔قبل ازیں ڈی جی ویلیوایشن نے اس سلسلے میں اپنے 28 فروری 2023 کو جاری کئے جانے والے حکم نمبر 07/2023 میں کہا ہے کہ سماعت کے دوران فراہم کی گئی تفصیلات سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ لنٹیک برانڈ، اسٹیکر انڈونیشیا کی ویلیو یورپ کی ویلیو سے بھی زائد ہو گئی ہے اور اس کی ویلیوایشن میں غیر معمولی اضافہ کر دیا گیا ہے جبکہ یورپین اشیا کو عموماً اعلیٰ معیاری اور زیادہ قیمتی مانا جاتا ہے اور یہ اضافہ بغیر کسی ثبوت کے کیا گیا ہے اور قیمتوں کے اضافے میں کوئی تسلسل اور یکسانیت نہیں پائی جاتی ہے اس کے علاوہ ویلیوایشن ڈپارٹمنٹ کی جانب سے بھی ایسے ثبوت سامنے نہیں آئے کہ جس سے مارکیٹ سروے ثابت ہوتا ہو۔ اس طرح رولنگ نمبر 1715 کسٹم ایکٹ دفعات سے مطابقت نہیں رکھتی ہے۔ یہ رولنگ کالعدم قرار دی جاتی ہے اور ڈائریکٹر ویلیوایشن کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ 30 دن کے اندر دفعہ 25A نئی رولنگ جاری کرے جس میں متعلقہ فریقوں کو سننے کے ساتھ ساتھ قانونی دفعات کو بھی پیش نظر رکھا جائے۔نئی رولنگ میں لنٹیک کی قیمت 2.10 ڈالر فی کلو جبکہ ویری ٹیک کی 2 ڈالر، ایکنا اور پولکا کی 1.60 ڈالر فی کلو مقرر کی گئی ہے، سب سے زیادہ ویلیو یورپ کے ایڈیسٹر کی 2.30 ڈالر فی کلو مقرر کی گئی ہے۔ ذیل میں 2018 سے اب تک جاری ہونے والی رولنگز کا تقابلی جائزہ دیا جا رہا ہے۔

### ضروری اعلان

رمضان المبارک میں اوقات کار میں کمی کے باعث ہر سال کی طرح امسال بھی ہفت روزہ پیپر بزنس کا شمارہ ایک ہفتہ کے وقفہ کے بعد انشاء اللہ 14 اپریل 2023ء کو شائع ہوگا۔ مشتہرین اور قارئین کرام نوٹ فرمائیں۔(ادارہ)

| S. No | Description/ Specification of goods | PCT | Proposed PCT for WeBOC | Origin | Brands | Customs Values (C&F) in US$/Kg Ruling No:1334 09/10/2018 | Customs Values (C&F) in US$/Kg Ruling No:1467 07/09/2020 | Customs Values (C&F) in US$/Kg Ruling No:1533 27/5/2021 | | Customs Values (C&F) in US$/Kg Ruling No: 1715 20-12-2022 | Customs Values (C&F) in US$/Kg Ruling No: 1756 24-03-2023 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (1) | (2) | (3) | (4) | (5) | (6) | (7) | (8) | (9) | | (10) | (11) |
| 1 | Self Adhesive Sticker Paper in Sheets | 4811.4100 4811.4990 | 4811.4100.1000 4811.4990.1000 | Indonesia | Veritec | 2.00 | 1.950 | 2.170 | Set aside on 28-02-2023 Order in Original 07/2023 | 2.300 | 2.00 |
| 2 | | | 4811.4100.1100 4811.4990.1100 | | Lintec | 2.10 | 2.045 | 2.950 | | 3.000 | 2.10 |
| 3 | | | 4811.4100.1200 4811.4990.1200 | | Aqna/Polka | 1.76 | --- | 1.700 | | 1.800 | 1.60 |
| 4 | | | 4811.4100.1300 4811.4990.1300 | | Other Brands | --- | 1.575 | 1.740 | | 3.000 | 2.10 |
| 5 | | | 4811.4100.1400 4811.4990.1400 | Thailand | OJI | 2.15 | 2.100 | 2.250 | | 2.500 | 2.10 |
| 6 | | | 4811.4100.1500 4811.4990.1500 | | Other Brands | 2.20 | 2.150 | 2.300 | | 2.500 | 2.10 |
| 7 | | | 4811.4100.1600 4811.4990.1600 | Europe | Adestor | 2.00 | 2.100 | 2.250 | | 2.500 | 2.30 |
| 8 | | | 4811.4100.1700 4811.4990.1700 | | Other Brands | 2.06 | 2.000 | 2.200 | | 2.500 | 2.30 |
| 9 | | | 4811.4100.1800 4811.4990.1800 | China | All Brands | 1.71 | 1.525 | 1.580 | | 1.450 | 1.45 |



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ملک میں معاشی بحران، کارخانے بند، امپورٹ بند، بینک مزے میں

## ایک سال میں بینکوں میں جمع شدہ رقوم میں 15 فیصد کا اضافہ، 23 ہزار ارب تک پہنچ گئے

**رپورٹ: ایم آر انصاری**

ملک میں سرمایہ کاری کے راستے بند ہو گئے، پاکستان اپنی تاریخ کے سب سے بدترین معاشی بحران کی زد میں ہے، فیکٹریاں، کارخانے اور صنعتوں کا پہیہ جام ہے، بازاروں پر ویرانی چھا گئی۔ لیکن دلچسپ بات یہ ہے کہ فروری 2023 میں بینکوں کے ڈپازٹس کی مالیت 22 ہزار 900 ارب روپے تک پہنچ گئی، یہ اسٹیٹ بینک کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے؟ رپورٹ کے مطابق بینکوں کے اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ پاکستان میں بدترین معاشی حالات کے باوجود سرمایہ داروں کو اپنا سرمایہ بینکوں میں رکھنے پر مجبور کیا جارہا ہے، بینکوں کی شرح سود افراط زر سے کہیں کم ہونے سے رئیل ٹرم میں ڈپازٹرز کو نقصان ہو رہا ہے اس کے باوجود بینکوں میں جمع شدہ رقوم کی مالیت بڑھ رہی ہے۔ ماہرین کے مطابق سخت معاشی حالات کے باوجود بینکوں کے ڈپازٹس میں اضافہ ملک میں سرمایہ کاری اور تجارت کو درپیش چیلنجز کی نشاندہی کرتا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق فروری 2023 میں بینکوں کے ڈپازٹس کی مالیت 22 ہزار 900 ارب روپے تک پہنچ گئی، گزشتہ سال فروری میں بینک ڈپازٹس 19 ہزار 900 ارب روپے کی سطح پر تھے ایک سال میں بینک ڈیپازٹس میں 15 فیصد کا اضافہ ہوا۔

تاجروں و صنعت کاروں کے مطابق اس کی وجوہات میں بینکوں کی جانب سے تاجروں و صنعت کاروں کو درآمد کے لئے جبراً نقد مارجن کے لئے رقوم جمع کرانے کے لئے مجبور کرنا بھی ایک بنیادی وجہ ہے اور جس کی وجہ سے ملک میں ہوشربا مہنگائی کا ایک طوفان کھڑا ہو گیا ہے۔ پیپر بزنس کو اس جبر کی تفصیلات بتاتے ہوئے سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں ایسا پہلی بار ہوا ہے کہ ہمارا سب سے آرگنائز سیکٹر یعنی بینکنگ سیکٹر غیر منظم ہو گیا ہے اور اس سے کوئی باز پرس کرنے والا نہیں ہے۔ تمام بینک امپورٹرز کو بلیک میل کر رہے ہیں اور اسٹیٹ بینک کے احکامات کے برخلاف درآمد کنندگان کو مجبور کر رہے ہیں کہ وہ 120 فیصد تک مارجن جمع کرائیں جبکہ بینکوں نے ان امپورٹرز کی کروڑوں اربوں روپے قرضوں کی حد منظور کر رکھی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ نکل رہا ہے کہ مارجن کے نام پر رقوم بینکوں کو منتقل ہو رہی ہیں اور بینک ایل سی کی بروقت ادائیگی میں بھی ناکام ہو رہے ہیں اس طرح درآمد کنندہ کا مارجن تین ماہ کے بجائے چھ ماہ اور موجودہ حالات میں 8-8 ماہ تک بینکوں کے پاس منجمد رہتا ہے اور اس پر بینک انہیں کوئی مارک اپ بھی نہیں دے رہے ہیں اور خود وہ حکومت کو اضافی شرح سود پر قرضے فراہم کر کے دگنا منافع کما رہے ہیں۔ جبکہ تاجروں کو اس کا نقصان یہ ہو رہا ہے کہ ان کے پاس کاروبار کرنے کے لئے رقوم سکڑ گئی ہیں جس کی وجہ سے تجارتی سرگرمیاں آدھی ہو گئی ہیں اور لوگ ڈیفالٹ کی طرف جا رہے ہیں۔ محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ 120 فیصد نقد مارجن کے باوجود دبئی اسلامک بینک، سمیت متعدد بینک ایل سی میں کوئی نقص (Discrepency) نہ ہونے کے باوجود کئی کئی ماہ تک بیرون ملک کے سپلائرز (برآمد کنندگان) کو ادائیگی نہیں کر رہے جس سے بیرون ملک پاکستان کا اعتماد مجروح ہوا ہے اور متعدد کمپنیاں پاکستانی امپورٹرز کو مال کی فراہمی میں لیت و لعل سے کام لے رہی ہیں یا وہ مطالبہ کر رہی ہیں کہ انہیں امپورٹرز ایڈوانس ادائیگی کرے تو وہ مال ارسال کریں گے۔

محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ بینکوں کے اس ناروا سلوک پر اسٹیٹ بینک کے افسران کی خاموشی ملک کو معاشی دلدل میں دھنسانے والوں کی سازش میں شرکت ہے اس سے قبل بھی بینکوں نے جب زرمبادلہ کی لین دین میں غیر قانونی طور پر اربوں روپے کا منافع کمایا تھا تو اس وقت اسٹیٹ بینک کے گورنر نے وعدہ کیا تھا کہ وہ ان بینکوں کے خلاف کارروائی کریں گے لیکن ان کے خلاف بھی آج تک کوئی کارروائی نہیں ہوئی اور اب بینکوں کی من مانی سے ملک معاشی بحران کی طرف تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ اسٹیٹ بینک اس بات کی تحقیقات کرے کہ بینکوں میں ڈپازٹس میں اضافے کی اصل وجوہات کیا ہیں اور کن بینکوں کے ڈپازٹس میں ایل سی نقد مارجن کی وجہ سے اضافہ ہوا ہے جن بینکوں نے ایل سی مارجن اسٹیٹ بینک کی ہدایات کے برخلاف 120 فیصد تک وصول کیا ہے ان کو پابند کیا جائے کہ وہ درآمد کنندگان کو اس مارجن پر مارک اپ ادا کریں کیونکہ وہ دہرا منافع کما رہے ہیں۔

محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ دوسری طرف بینکوں کی نااہلی اور غیر انتظامی اور منافع کے لالچ نے غیر ملکیوں کے اعتماد کو جو ٹھیس پہنچائی ہے اس کا خمیازہ بین الاقوامی تجارت کو مدتوں بھگتنا پڑے گا۔



اس کے ساتھ ساتھ تاجر و صنعتکاروں کو بیرونی سپلائرز مجبور کر رہے ہیں کہ وہ انہیں ایڈوانس ادائیگی کریں گے تو وہ مال کی شپمنٹ کریں گے ورنہ نہیں۔ کیونکہ پاکستانی بینکوں پر اعتبار نہیں ہے۔ اب تاجر و صنعتکار ایک امپورٹ پر تین گنا سرمایہ کاری کر رہے ہیں ایک وہ بینک کو 120 فیصد ایل سی نقد رقوم جمع کراتے ہیں، دوسرے یہ کہ اتنی ہی رقوم بیرون ملک سپلائرز کے پاس ایڈوانس بھی جمع کراتے ہیں، تیسری بات یہ ہے کہ بینک 120 فیصد ایل سی مارجن جمع کرانے کے باوجود ان کے دستاویزات کلیئر نہیں کرتے اور اس میں تاخیری حربے استعمال کرتے ہیں جس میں قصور سراسر بینکوں کا ہے۔ اس طرح جو مال کا مرحلہ تین ماہ میں مکمل ہونا ہوتا ہے وہ چھ ماہ سے زیادہ لے رہا ہے۔ اس طرح امپورٹرز کی مالیاتی لاگت میں تین گنا اضافہ ہو گیا ہے جس کا اثر اشیائے صرف پر پڑ رہا ہے اور ان کی قیمتیں کئی گناہ بڑھ چکی ہیں اور اسٹیٹ بینک کے اپنے اعداد و شمار کے مطابق افراط زر کی مجموعی شرح 35 تا 40 فیصد تک پہنچ چکی ہے۔ محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ اگر ہمارا بینکنگ نظام قواعد و ضوابط کے مطابق کام کرتا تو مہنگائی کی شرح میں کمی ہو سکتی تھی۔ محمد سلیم بیکیا نے مطالبہ کیا کہ حکومت نہ صرف اسٹیٹ بینک کے ذمہ دار افسران پر ان کی اس نااہلی پر سخت کارروائی کرے اور ایسے بینک جن کے ڈپازٹس میں ایل سی مارجن کی وجہ سے اضافہ ہوا ہے ان کو چیک کیا جائے کہ انہوں نے اپنے کتنے ایل سی وعدے بروقت پورے کئے ہیں، بصورت دیگر ملک معاشی بحران کی دلدل میں مزید پھنستا چلا جائے گا۔

محمد سلیم بیکیا نے کہا کہ اب اسٹیٹ بینک نے 24 مارچ 2023 کو ایل سی مارجن ختم کر کے امپورٹ کی اجازت دے دی ہے۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ بینک اس پر کس حد تک عمل کریں گے یہ چند دنوں میں واضح ہو گا یا پھر بینکوں کو جو آسان منافع بلیک میلنگ کے ذریعے ملنے لگا ہے وہ اسے جاری رکھیں گے اور اسٹیٹ بینک بدستور اپنی آنکھیں بند رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک اپنے احکامات پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے سخت اقدامات کرے۔






یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# 40 امپورٹرز کو ریفنڈ کے چیک موصول ہو گئے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2003 میں کسٹم کی جانب سے جبری وصول کی گئی رقوم کے خلاف وفاقی ٹیکس محتسب کے احکامات کے تحت اب تک 40 کمپنیوں کو ریفنڈ کے چیکس مل چکے ہیں۔اب تک جن امپورٹرز کے ریفنڈ کے چیک موصول ہو گئے ہیں ان کی فہرست مندرجہ ذیل ہے۔

عمار پیپر مارٹ، انعم ٹریڈرز، اے این ایم ٹریڈنگ کو، بابو برادرز، کیپیٹل بزنس کارپوریشن، ایورشائن انٹر پرائزز، فیئر ٹریڈ لنکرز، فیصل ایسوسی ایٹس، فیصل امپیکس کارپوریشن، گل امپیکس، ایچ ایم نقی اینڈ سنز، آئی آر آئی ٹریڈرز، افتخار احمد، جے اسماعیل اینڈ کو، جانو اینڈ جانو، ایم صدیق پیپر مارٹ، ایم یعقوب ایم یوسف، ماریہ ٹریڈرز، منیر پیپر مارٹ، مرتضیٰ ٹریڈرز، نیشنل پیپر مارٹ، اوساکا پیپرز، پرائڈ پیپر مارٹ، ریحان پیپر مارٹ، ایس خان اینڈ کو، ایس ایس بزنس کارپوریشن، ثاقب پیپرز، سیدات سنز، سہیل اشرف، اسپاٹلٹ پرنٹرز، سید سراج الحسن اینڈ سنز، ٹی اے کمرشل کارپوریشن، ورائٹی پیپر، وقاص دانش برادرز، یوسف سنز، شعیب انٹرنیشنل، علی انٹر پرائزز، افضل انٹر پرائزز، سوہنی انٹر پرائزز، عمران پیپرز۔

# 38 امپورٹرز کے ریفنڈ چیکس تیاری کے مراحل میں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2003 میں کسٹم کی جانب سے جبراً وصول کی گئی رقوم کے ریفنڈ کے 78 کیسز میں سے 40 کمپنیز کو وفاقی ٹیکس محتسب کے احکامات کے تحت چیکس موصول ہو گئے ہیں جبکہ 38 کے چیکس ابھی تک تیاری کے مراحل میں ہیں۔جن کمپنیوں کے چیکس موصول نہیں ہوئے اور تیاری کے مراحل میں ہیں ان کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

عبداللہ برادرز، اکمل پرنٹ ہاؤس، علیز ٹریڈنگ کو، الرحیم پرنٹرز، عتیق ٹریڈرز، کارڈا میپیکس، دولت سنز، احتشام پروسیس، گرے پرنٹرز، ہمدرد پریس پرائیوٹ لمیٹڈ، حسن اینڈ حسن ٹریڈرز، حسینی پیپر مارٹ، الیاس برادرز، امپیکس ایجنسیز، خواجہ پیپر اسٹور، ایم اینڈ ایف کمرشل کارپوریشن، ایم یونس اینڈ کو، مدنی پیپر مارٹ، مقبول حسن اینڈ کمپنی، مریم پیپرز، محمد کامل اینڈ سنز، محمد علی اینڈ کو، ناصر قاسم، آر اے ٹریڈنگ کو، شعیب انٹر پرائزز، یونیورسل پیپر مارٹ، ویب کنورٹرز پرائیوٹ لمیٹڈ، یونس برادرز، ذہابیہ ٹریڈرز، ہمدم پیپر پروڈکٹس پرائیوٹ لمیٹڈ، کنورٹرز انٹرنیشنل پرائیوٹ لمیٹڈ، ٹیلی کام ایڈز، شیخ امپیکس، کمپیوٹرائیڈ مینجمنٹ، کرتاس انٹرنیشنل، حاجی محمد ایوب برادرز۔

# بینکوں کے عدم تعاون کے باعث درآمدات کے ساتھ برآمدات میں بھی کمی

کراچی (بزنس ڈیسک) لیٹر آف کریڈٹ کھولنے کے سلسلے میں مقامی کمرشل بینکوں کی جانب سے پیدا کئے گئے مسائل کی وجہ سے پاکستان کو علاقائی ممالک کو ایکسپورٹ میں کمی کا سامنا کرنا پڑا اور علاقے کے 9 ممالک کیلئے برآمدات مالی سال 2023 کے ابتدائی 8 مہینے میں 18.28 فیصد کم ہوگئی ہیں ، جس کی بنیادی وجہ چین کو شپمنٹس میں کمی ہے۔اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق رواں مالی سال کے دوران کمی صرف برآمدات تک ہی محدود نہیں رہی بلکہ خاص طور پر چین سے درآمدات میں بھی تنزلی ہوئی ، حکومت کے کفایت شعاری اقدامات کی وجہ سے درآمدی کنٹینرز کی کلیئرنس کا انتظار ہے کیونکہ صارفین کی اشیا کے لیے لیٹر آف کریڈٹ کھولنا ترجیحی فہرست میں شامل نہیں۔پاکستان کی افغانستان ، چین ، بنگلہ دیش ، سری لنکا ، بھارت ، ایران ، نیپال ، بھوٹان اور مالدیپ کے لیے برآمدات کم ہو کر 2 ارب 41 کروڑ ڈالر رہیں ، یہ جولائی سے فروری 2023 تک پاکستان کی کل برآمدات 18.1 ارب ڈالر کا صرف 12.92 فیصد ہے۔پاکستان علاقائی ممالک میں سب سے زیادہ برآمدات چین کو کرتا ہے جبکہ زیادہ آبادی والے ملک بھارت اور بنگلہ دیش پیچھے رہ گئے ، تاہم پاکستان کی چین کے لیے برآمدات میں مالی سال کی پہلی ششماہی میں سالانہ بنیادوں پر منفی نمو دیکھی گئی، پاکستان خطے کے ممالک کے لیے کل برآمدات کا 55.77 فیصد چین کو بھیجتا ہے جبکہ باقی برآمدات دیگر 8 ملکوں کو کی جاتی ہیں۔مالی سال 2023 میں جولائی سے فروری کے دوران پاکستان کی چین کے لیے برآمدات 27.53 فیصد کم ہو کر ایک ارب 33 کروڑ ڈالر رہ گئیں، جو گزشتہ برس اسی عرصے کے دوران ایک ارب 84 کروڑ ڈالر تھی ، تاہم زیر جائزہ مدت کے دوران سالانہ بنیادوں پر چین سے درآمدات بھی 37.38 فیصد گر کر 7 ارب 6 کروڑ 60 لاکھ ڈالر ریکارڈ کی گئیں۔

# ویب ہوسٹنگ پر بھی سیلز ٹیکس عائد

کراچی (نیوز ڈیسک (سندھ ریونیو بورڈ نے آئی ٹی کی خدمات جس میں کلاؤڈ سروسز اور ویب ہاسٹنگ شامل ہیں ، ان پر ٹیکس عائد کر دیا ہے۔ایس آر بی نے سندھ اسمبلی سے حال ہی میں پاس کئے جانے والے ٹیکس ترامیم قانون جاری کر دیا ہے۔اس قانون کا نام سندھ سیلز ٹیکس آن سروسز (ترامیم (بل 2021 ہے جس کے ذریعے سندھ سیلز ٹیکس ایکٹ 2011 میں ترامیم کی گئی ہیں۔ان ترامیم کے مطابق سافٹ ویئر اور آئی ٹی پر مبنی سسٹم ڈیولپمنٹ کنسلٹنٹ کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لئے قانون کے سیکشن 2 میں ایک نئی پرویژن 84 بی متعارف کروایا گیا ہے۔ایس آر بی کا کہنا ہے کہ تمام وہ افراد جو کہ سافٹ ویئر یا انفارمیشن ٹیکنالوجی کے سلسلے میں سروسز فراہم کر رہے ہیں، وہ ٹیکس ادا کرنے کے ذمہ دار ہوں گے۔ایس آر بی کے مطابق ان خدمات میں سافٹ ویئر، نیٹ ورک یا آئی ٹی پر مبنی نظام کی دیکھ بھال، ویب ہوسٹنگ یا کلاؤڈ سروسز وغیرہ شامل ہیں۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34    23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# محمد اکرم ملک ۔ سابق چیئرمین ایپما کا منفرد اعزاز، 77 سال کی عمر میں پی ایچ ڈی میں داخلہ لے لیا



## محمد اکرم ملک کا مختصر تعارف:

ابتدائی تعلیم : 1961 میں سینٹ فرانسس ہائی اسکول لاہور سے میٹرک ۔1963 میں اسلامیہ کالج سے انٹرمیڈیٹ 1966 ، میں ہیلی کالج آف کامرس، پنجاب یونیورسٹی سے بی کام آنرز اور 1967 میں ہیلی کالج آف کامرس پنجاب یونیورسٹی سے ایم کام کیا۔

محمد اکرم ملک نے ماسٹران کامرس کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد چند سال واپڈا میں ملازمت کی۔ وہاں سے استعفیٰ دے کر 1977 میں عبداللہ انٹرپرائز کے نام سے کاغذ کا کاروبار شروع کیا۔اس دوران لاہور پیپر مارکیٹ کی تجارتی تنظیم لاہور پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن ، انجمن تاجران پیپر مارکیٹ اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ذریعے پیپر ٹریڈ کی خدمات انجام دیں اور اس دوران دومرتبہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کا چیئرمین بننے کا بھی اعزاز حاصل ہوا۔ اور مختلف حیثیتوں میں کاروباری برادری کی خدمت کرنے کی کوشش کی۔

پی ایچ ڈی میں داخلہ حاصل کرنے کے بعد ان کے ساتھ ایک نشست رکھی گئی جس میں ان سے گفت گو ہوئی وہ قارئین کے لئے پیش خدمت ہیں۔

سوال: تقریباً 53 سال کے تعلیمی تعطل کے بعد دوبارہ داخلہ لینے کا خیال کیسے آیا؟

جواب: گزارش ہے کہ تعلیم کے متعلق میرے والد صاحب کو ایک شوق نہیں بلکہ جنون تھا کہ میرا بیٹا بہت پڑھا لکھا ہونا چاہیئے۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ ان کا اٹھنا بیٹھنا اور ان کے تعلقات اس وقت کے انتہائی تعلیم یافتہ لوگوں سے تھے۔ اور وہ چاہتے تھے کہ میں بھی تعلیم حاصل کر کے کسی اونچے اسٹیٹس کو پہنچ جاؤں۔ ان کی اس خواہش کے تحت میرے اندر تعلیم حاصل کرنے کا شوق پروان چڑھتا رہا لیکن کاروباری مصروفیات اور پھر اپنے بچوں اور دیگر فیملی مصروفیات کی بنا پر تعلیم جاری رکھنے سے قاصر رہا۔لیکن اس دوران مختلف موضوعات پر بالخصوص دینی کتب کا مطالعہ الحمدللہ باقاعدگی سے جاری رہا اور مطالعہ کا یہ تسلسل اس بات پر منتج ہوا کہ جونہی میرے بیٹوں نے کاروبار سنبھالا مجھے محسوس ہوا کہ اب میں از سرنو تعلیم حاصل کرنے کے لئے وقت نکال سکتا ہوں۔ لہٰذا میں نے پی ایچ ڈی کرنے کی ٹھان لی اور اس کے لئے میں نے MBA میں داخلہ لینا ضروری سمجھا۔ بس پھر کیا تھا 2020 میں یونیورسٹی میں داخلہ لے لیا اور الحمدللہ 2022 میں MBA میں دوسری پوزیشن حاصل کر کے MBA سلور میڈل کے ساتھ پاس کیا اور ساتھ ہی فوری طور پر سپریئر یونیورسٹی میں PHD کے لئے داخلہ لے لیا اور اب الحمدللہ میں P H D اسکالر ہوں ، میرا ارادہ Entrepremeurship میں تحقیقی مقالہ لکھنے کا ہے۔

سوال: داخلہ لینے پر آپ کے خاندان اور دوست احباب کا کیا ردعمل تھا؟

جواب: میرے دونوں بیٹے اس اقدام پر بڑے خوش تھے۔ انہوں نے ہر موقع پر مجھے سہولیات فراہم کیں اور اب اس کامیابی پر وہ بڑا فخر محسوس کرتے ہیں۔ حلقہ احباب میں ملا جلا ردعمل پایا گیا ہے۔ چند پڑھے لکھے لوگ جن میں کئی ڈاکٹریٹ اور اسکالر شامل ہیں بڑی حوصلہ افزائی کرتے رہے ہیں لیکن بعض لوگوں کا ایک مشترکہ سوال سننے کو ملا کہ "یار تم یہ ڈگری لے کر اب کیا کرو گے؟"۔ میں ان سے یہی عرض کرتا ہوں کہ بھائی اس معاشرے میں جہاں تعلیم کا فقدان ہے اور تعلیم کی قدر بھی کم ہی ہے۔ میں نے نوجوانوں کے لئے ایک مثال قائم کردی ہے۔ بلکہ عمر رسیدہ حضرات کے لئے بھی پیغام ہے کہ Its never too late اگر کوئی شمع جلا سکتے ہو تو ضرور جلاؤ۔ رؤف صاحب یہ پیغام تو ہمیں سیرت النبی سے بھی ملتا ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ غزوہ بدر کے قیدیوں سے اللہ کے رسول نے صحابہ کو تعلیم دینے کے عوض رہائی کا عندیہ دیا تھا۔ ظاہر ہے کہ ان کو قرآن یا حدیث پڑھانے کے لئے تو نہیں کہا تھا بلکہ یقیناً وہ دنیاوی علوم وفنون ہی ہوں گے جن کے لئے ان قیدیوں سے یہ کام لیا گیا تھا۔ میں ان سے کہتا ہوں کہ بھائی اس عمر میں تعلیم حاصل کرنے کے میرے پیش نظر کوئی مالی مقصد نہیں ہے۔ البتہ اگر میں سوسائٹی کو کچھ ڈیلیور کرسکوں تو یہ میرے لئے ایک سعادت کا مقام ہوگا۔ آپ یقین کریں کہ میرے پوتے پوتیاں اور نواسے نواسیاں مجھ سے بہت Motivate ہوئے ہیں۔ میری ایک نواسی M-Phil ہے اور صاحب اولاد ہے اس نے بھی ڈاکٹریٹ کرنے کا عزم کرلیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں اگر دو چار حضرات مجھے دیکھ کر تعلیم کا سفر اختیار کر لیتے ہیں تو میرے لئے باعث افتخار ہوگا۔

سوال: کوئی دلچسپ واقعہ؟

جواب: میں جب ایم بی اے کانووکیشن میں گیا تو انتظامیہ کے افراد نے مجھے کہا کہ سر والدین کے لئے فرنٹ پر صوفے رکھے ہیں آپ وہاں چلے جائیں اور اپنے بیٹے کو آپ متعلقہ سیٹ پر بٹھا دیں۔ اس قسم کے کئی لطیفے ہوتے رہے ہیں۔ میرے اساتذہ جو سبھی ڈاکٹریٹ ہیں، میری عمر کی وجہ سے مجھے بڑا پروٹوکول دیتے تھے لیکن یقین جانیئے میں ان کو اپنا استاد ہی سمجھتا رہا۔ اور انہیں وہی احترام دیا جو ایک استاد کا ہوتا ہے۔ گو کہ وہ میرے کاروباری تجربات سے بہت فائدہ اٹھاتے رہے ہیں اور اس کو سراہتے رہے ہیں۔

رؤف صاحب!

I got my first Master degree when I was at the peak of my youth and now I got this degree when I am at youth of old age.

دیکھئے نصف صدی کا سفر لمحوں میں گزر گیا ہے۔ بس اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں۔ مجھے امید ہے میرے والدین کی روحیں بڑی خوش ہوئی ہوں گی۔

# اسٹیٹ بینک نے ڈیبٹ و کریڈٹ کارڈز سے خریداری پر مرچنٹ چارجز کم کردیئے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے ڈیجیٹل ادائیگیوں کی حوصلہ افزائی کیلئے ڈیبٹ و کریڈٹ کارڈز سے خریداری پر مرچنٹ چارجز کم کردیئے ہیں۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے اس حوالہ سے جاری کردہ تفصیلات کے مطابق ے ڈیبٹ و کریڈٹ کارڈز سے خریداری کی حوصلہ افزائی کیلئے اسٹیٹ بینک نے مرچنٹ ڈسکاونٹ ریٹ کی حد ختم کردی ہے۔ اب مرچنٹس بینکوں کے ساتھ 1.5 فیصد سے کم شرح پر بات چیت کرسکتے ہیں۔ اسٹیٹ بینک کے ترجمان کے مطابق سٹیٹ بینک نے کریڈٹ کارڈز پر انٹرچینج ای امبرسمنٹ فیس کی شرح کم کر کے 0.7 فیصد اور کریڈٹ کارڈز کیلئے 0.2 فیصد مقرر کردی ہے۔ واضح رہے کہ ریڈٹ کارڈز کے ذریعہ خریداری کے رجحان میں فروری کے دوران سالانہ بنیادوں پر 32.9 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی ہے۔ فروری میں صارفین نے کریڈٹ کارڈز کے زریعہ 87 ارب روپے کی خریداری کی جو گزشتہ سال فروری کے مقابلہ میں 32.9 فیصد زیادہ ہے ، گزشتہ سال فروری میں صارفین نے کریڈٹ کارڈز کے ذریعہ 65 ارب روپے کی خریداری کی تھی، جنوری کے مقابلہ میں فروری میں کریڈٹ کارڈز کے ذریعہ خریداری میں ماہانہ بنیادوں پر 0. 5 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی ہے۔ جنوری میں کریڈٹ کارڈز کے ذریعہ صارفین نے 87 ارب روپے کی خریداری کی تھی۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# مقامی آفسیٹ، آرٹ پیپر اور کاربن لیس پیپر کی قیمتوں میں اضافہ، درآمدی بلیچ بورڈ اور اسٹیکر پیپر میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے تیزی اور مندی دیکھی گئی اور 29 مارچ 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں نیو یا آرٹ پیپر گلوس /میٹ ، مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ، فلائنگ ہائی فنش، اور کراؤن پیپر، کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو ، امپریشن اسٹار اور امپریشن ڈاٹ ، کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ جبکہ آرٹ کارڈ میں کمی بیشی دیکھی گئی جس کے مطابق آرٹ کارڈ جاپان کی قیمتوں میں کمی اور بریف کارڈ ، کلر بریف کارڈ کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ علاوہ ازیں درآمدی بلیچ بوڈ ننگبو گولڈ، چینمنگ ، پنڈو ڈیلی اور اسٹیکر پیپر کے مختلف برانڈز میں کمی دیکھنے میں آئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ آرٹ کارڈ جاپان تمام سائز تمام گرام، 580 روپے سے کم ہوکر 550 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بریف کارڈ انڈونیشیا تمام سائز 180، 150، 120، 230، 210، اور 265 گرام، 600 روپے سے بڑھ کر 625 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کلر بریف کارڈ جنگکار برانڈ پنڈو ڈیلی 21x27 سائز 120 گرام 22x28 ، سائز 150 گرام، 22x28 سائز 180 گرام 625 ، روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 550 روپے سے بڑھ کر 570 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 90۔100۔105۔113۔ 128 اور 150 گرام، 550 روپے سے بڑھ کر 570 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز تمام گرام، 520 روپے سے کم ہوکر 475 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ ایل ڈبلیوسی جاپان تمام سائز 60 گرام، 520 روپے سے بڑھ کر 635 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 17x24 سائز 4500 روپے سے بڑھ کر 4800 روپے، 18x23 سائز 6000 روپے سے بڑھ کر 6800 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز 9000 ، روپے سے بڑھ کر 10000 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ امپریشن ڈاٹ چائنا 24x34 سائز 9000 ، روپے سے بڑھ کر 10000 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 485 روپے سے کم ہو کر 460 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 480 روپے سے کم ہوکر 475 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 475 روپے سے کم ہوکر 470 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ تمام سائز 68 گرام 300 روپے سے بڑھ کر 315 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ ہائی فنش تمام سائز 70 گرام، 400 روپے سے بڑھ کر 425 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر کراؤن تمام سائز 68 گرام 310 ، روپے سے بڑھ کر 320 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 1700 روپے سے بڑھ کر 1750 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 1400 روپے سے کم ہوکر 1390 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز ، 6200 روپے سے کم ہوکر 5500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز ، 6000 روپے سے کم ہوکر 5500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز ، 6200 روپے سے کم ہوکر 5400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز ، 6400 روپے سے کم ہو کر 5800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# ڈالر ہیر پھیر کے ذریعے اربوں روپے کا نفع کمانے والے کمرشل بینکوں کیخلاف تحقیقات مکمل، کارروائی نہ ہوئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آئی ایم ایف کے دباؤ پر امریکی ڈالرز کی ذخیرہ اندوزی میں ملوث کمرشل بینکوں کے خلاف کارروائی روکی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق کمرشل بینکوں پر الزام ہے کہ انہوں نے ڈالر کے ریٹ میں ہیر پھیر کے ذریعے اربوں روپے کا اضافی منافع کمایا۔ اس حوالے سے ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈالر کی ذخیرہ اندوزی کرنے میں 6 مقامی اور 2 غیر ملکی بینک بھی ملوث ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اگر اس معاملے میں کارروائی ہوتی تو حکومت کو اربوں روپے کا ریونیو حاصل ہوتا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے بینکوں پر زیادہ ٹیکس لگانے سے بھی اختلاف کیا ہے، حکومت بینکوں پر زیادہ ٹیکس عائد کرنے سے 40 ارب روپے کا ریونیو حاصل کرسکتی تھی۔ دوسری جانب اسٹیٹ بینک کے حکام کا کہنا ہے کہ بینکوں کے خلاف کارروائی کا معاملہ حکومت کے زیرِ غور ہے۔ اسٹیٹ بینک کے ترجمان نے کہا ہے کہ ڈالر کی ذخیرہ اندوزی کرنیوالے بینکوں کے خلاف انکوائری مکمل ہوچکی ہے ، ملوث بینکوں کے خلاف کارروائی جلد کی جائیگی۔ حکام کے مطابق مستقبل میں بینکوں کو شفافیت یقینی بنانے کی وارننگ جاری کرچکے ہیں۔

# ڈالر کا بحران، کابینہ نے بارٹر ٹریڈ فریم ورک منظور کرلیا، نوید قمر

کراچی (بزنس ڈیسک) وفاقی وزیر تجارت سید نوید قمر نے کہا ہے کہ ڈالر بحران کے حل کیلئے بارٹر ٹریڈ پیش کررہے ہیں، کابینہ نے بارٹر ٹریڈ فریم ورک منظور کرلیا ہے، افغانستان اور ایران سے اشیاء کے بدلے اشیاء کی تجارت ہوسکے گی، بارٹر ٹریڈ فریم ورک وسط ایشیائی ، افریقہ، افغانستان اور چین کے ساتھ تجارت کے لئے استعمال ہوسکے گا تاہم یہ سہولت امریکا اور مڈل ایسٹ مما لک کو نہیں دیں گے۔ ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی پاکستان ( ٹی ڈی اے پی) میں ٹڈاپ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر زبیر موتی والا کے ہمراہ میڈیا کے نمائندوں سے ملاقات میں نوید قمر نے کہا کہ بینکنگ چینل نہ ہونا بارٹر ٹریڈ پر مشتمل نئے فریم ورک کا سبب ہے، ملکی معیشت کو سہارا دینے کیلئے بارٹر سسٹم اسکیم کو متعارف کردیا گیا ہے اور حکومت بارٹر ٹریڈ سسٹم سے تجارتی خسارے کو قابو کرنے کی کوشش کرے گی جبکہ ہم یو اے ای سے فری ٹریڈ اگریمنٹ کرنے کی جانب بھی پیش قدمی کررہے ہیں۔ وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان ، ایران سے بارٹر سسٹم کے تحت تجارت کررہا ہے جبکہ پاکستان آئندہ دنوں میں افریقہ ، سینٹرل ایشیا اور چائنا سے بارٹر سسٹم پر کام کرے گا، پاکستان بارٹر سسٹم کے تحت اشیاء کے بدلے اشیاء سے مشینری حاصل کرنے کا خواہشمند ہے۔

## کسٹمز: گریڈ 20 اور 21 کے افسران کے تبادلے و تقرریاں

اسلام آباد (اسٹاف رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے محکمہ کسٹمز سے تعلق رکھنے والے گریڈ 20 تا گریڈ 21 کے افسران کے تبادلوں و تقرریوں کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ ایف بی آر کے نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 21 کے فیض احمد کو ڈائریکٹر جنرل ، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف آئی پی آر (انفورسمنٹ ) اسلام آباد، محمد صادق کو ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف (این این ڈی اے ) اسلام آباد، گریڈ 20 کے محمد جنید جمیل خان کو ڈائریکٹر جنرل، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ریفارمز اینڈ آٹومیشن ( کسٹمز ) اسلام آباد، سید شکیل شاہ کو ڈائریکٹر جنرل (او پی ایس) ڈائریکٹر جنرل آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن اسلام آباد کے عہدوں پر تعینات کیا گیا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# وفاقی بجٹ 98-1997ء کیلئے سدرن سرکل کی بجٹ کمیٹی کی تجاویز

یہ بجٹ تجاویز 1997 میں (22 تا 28 فروری)
**ہفت روزہ پیپر بزنس** میں شائع کی گئی تھیں

آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن (اپیما) سدرن سرکل کراچی کی بجٹ سب کمیٹی کے چیئرمین محمد اقبال ڈھیڈی نے اپنی کمیٹی کی منظوری سے وفاقی بجٹ 98-1997ء کے لئے جو تجاویز سرکل کوارسال کی ہیں ، یہاں ان کا ترجمہ پیش کیا جارہا ہے۔

پیپر اور پیپر بورڈ تعلیم کے ساتھ ساتھ صنعت ، تجارت ، برآمدات ، مقامی پیکجنگ اور قرآن پاک و دیگر دینی و مذہبی کتب/ ادب وغیرہ کے لئے انتہائی لازمی شے ہے۔ یہ ہمارے دین کی تبلیغ اور ناخواندگی کے خاتمے کے لئے ناگزیر ہے۔ مزید براں یہ کسی بھی ملک کے معاشرے کی ترقی اور بہتری کے لئے عموماً اور معاشی ترقی و بہتری کے لئے خصوصاً بے حد اہم شے ہے۔ اس کی کھپت عوام کے معیار زندگی کو ناپنے کا پیمانہ بھی ہے۔

1 ۔ دنیا میں کوئی بھی ایسا ملک نہیں ہے جہاں لوگ کاغذ استعمال نہ کرتے ہوں لیکن کاغذ کی کھپت کی مقدار میں شدید فرق پایا جاتا ہے۔ امریکہ میں اس کی فی کس کھپت اندازاً 332 کلوگرام ہے جبکہ پاکستان میں یہ محض 3 کلوگرام ہے۔ مندرجہ ذیل ممالک نے ایک سال کے دوران پاکستان میں ہونے والی کھپت سے کہیں زیادہ اپنی فی کس کھپت میں اضافہ کیا ہے۔ امریکہ 317 سے 332 کلوگرام ، فن لینڈ 262 سے 266 کلوگرام ، ہانگ کانگ 219 سے 233 کلوگرام ، جاپان 225 سے 230 کلوگرام۔ ہمارے ملک میں فی کس کھپت میں کمی کا ایک سبب ناخواندگی ہے جو مقابلتاً دنیا بھر میں سب سے کم خواندگی کی شرح رکھنے والے ممالک کے برابر ہے۔ فی الحقیقت یہ شرح حالیہ برسوں میں کم ہوئی ہے۔

2 ۔ اتنی کم شرح خواندگی ، فی کس کم آمدنی ، فی کس کم کھپت اور خواندگی پر ہونے والے بھاری اخراجات کے ساتھ ہماری ملکی پیداواری گنجائش ہماری ضروریات کے مقابلے میں بہت زیادہ گر گئی ہے۔ پیپر کے مقامی کارخانے قلیل مقدار میں طباعتی / تحریری پیپر اور کم کوالٹی کا بورڈ اور پیپر تیار کرنے کے قابل ہیں لیکن پیپر کی مقامی صنعت ملکی طلب کو مکمل طور پر پورا کرنے سے قاصر ہے اور درآمدی ڈیوٹی میں کسی کمی کے سبب ان کی فروخت متاثر نہیں ہوتی ہے۔

استعمال کی ایک لازمی شے ۔ پیپر اور بورڈ کو تیار شدہ پیداوار (Finished Product) کی کیٹیگری میں رکھا گیا ہے اور اس پر 40/50 فیصد کی شرح سے درآمدی ڈیوٹی کے ساتھ ساتھ 10 فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی عائد ہے۔ المیہ یہ ہے کہ طباعت شدہ کتابیں اور جرائد وغیرہ درآمدی ڈیوٹی سے مبرا ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم:

(الف) معقول مقدار میں پیپر اور پیپر بورڈ کو ڈیوٹی سے مبرا تیار شدہ پیداوار (Finished Paper) کی شکل میں درآمد کی اجازت دے رہے ہیں۔

)ب ( پیپر اور پیپر بورڈ پر سب سے اونچی شرح کے

**تحریر: محمد اقبال ڈھیڈی**

حساب سے درآمدی ڈیوٹی وصول کر رہے ہیں جبکہ تیار شدہ مال (Finished Products) کی بغیر ڈیوٹی درآمد کی اجازت دے رہے ہیں۔

)ج ( غیر ممالک میں طباعت و پیکجنگ کی صنعت کی براہ راست حمایت کر رہے ہیں جبکہ اپنی طباعتی صنعت کے پھیلاؤ کی حوصلہ شکنی کر رہے ہیں جو ہزاروں تربیت یافتہ غیر تربیت یافتہ کارکنوں کو روزگار مہیا کر سکتی ہے۔

بغرض تعلیم اور عام آدمی کے استعمال میں آنے والے پیپر پر 55/60 فیصد ٹیکس عائد ہے جبکہ دولت مندوں اور متمول افراد کے لئے چاکلیٹ ، پنیر ، دہی ، کیک اور بسکٹ پر ڈیوٹی کی شرح 35 فیصد ہے۔ خوشحال افراد کے لئے دیگر اشیائے تعیش پر بھی پیپر اور پیپر بورڈ کے مقابلے میں کم محصولات عائد ہیں۔ اس لئے تجویز پیش کی جاتی ہے کہ پیپر اور پیپر بورڈ پر عائد درآمدی ڈیوٹی میں جہاں تک ممکن ہو سکے ، کمی کی جائے اور یہ ڈیوٹی 5 3 فیصد سے زائد نہ ہو۔

**ریگولیٹری ڈیوٹی:** چونکہ پیپر اور پیپر بورڈ پر سب سے اونچی شرح سے درآمدی ڈیوٹی عائد ہے۔ اس لئے بجٹ 97-1996ء کے سالانہ بجٹ سے قبل عائد کردہ ریگولیٹری ڈیوٹی واپس لی جائے۔

**نیوز پرنٹ:** اخباری کاغذ ملک میں تیار نہیں ہوتا اور اخبارات کی حوصلہ افزائی کی غرض سے حکومت نے درآمدی ڈیوٹی کم کر دی ہے۔ اس لئے صنعتی اور تجارتی درآمد کنندگان کے لئے درآمدی ڈھانچہ امتیازی ، انصاف کے اصول کے خلاف اور بدعنوانی کا حامل ہے اور یہ فرق تجارتی درآمد کنندگان کی جانب سے نیوز پرنٹ کی درآمد کی بندش پر منتج ہونے کے علاوہ اسپیشل پرمٹ وغیرہ کے استعمال میں بدعنوانیوں کی حوصلہ افزائی کا باعث بنا ہے۔ اس لئے تجویز پیش کی جاتی ہے کہ تمام درآمد کنندگان کے لئے خواہ وہ تجارتی درآمد کنندگان ہوں یا صنعتی یا اخبارات ، درآمدی ڈیوٹی کی صرف ایک ہی شرح ہونی چاہئے اور اس سلسلے میں کسی امتیاز کی اجازت نہیں دی جانی چاہئے۔ اگر کسی بھی سبب سے صنعتی اور تجارتی درآمد کنندگان کے لئے درآمدی ڈیوٹی کی ایک ہی شرح ممکن نہ ہو تو تجویز پیش کی جاتی ہے کہ نیوز پیپر کو مختلف رنگوں میں (ماسوائے عام سفید نیوز پرنٹ کے رنگ کے ( صرف صنعتی صارفین کے لئے درآمد کیا جانا چاہئے۔

**سیلز ٹیکس:** یہ ٹیکس درآمد/ تیاری اور تھوک فروخت (Whole-Sale-Stage) کے مرحلے پر 18 فیصد کی شرح سے وصول کیا جاتا ہے اور ذرائع ابلاغ کے ذریعہ یہ بات علم میں آئی ہے کہ اس ٹیکس کو خوردہ فروشی کے مرحلے (Retail Stage) پر بھی وصول کیا جائے گا۔ اس لئے یہ تجویز پیش کی جاتی ہے کہ یہ ٹیکس صرف ایک مرحلے پر وصول کیا جائے جو کہ درآمد / تیاری کا مرحلہ ہو۔

**بانڈڈ ویئر ہاؤسنگ:** تجویز پیش کی جاتی ہے کہ ایک سال کے لئے بانڈنگ کی سہولت دوبارہ متعارف کرائی جائے خصوصاً ہر قسم کے پیپر کے لئے تاکہ فراہمی میں سال بھر یکسانیت رہے۔

**انکم ٹیکس اور ود ہولڈنگ انکم ٹیکس:** 22 اکتوبر 1996ء کے منی بجٹ میں زیر دفعہ ( 50(5 کے تحت کٹوتی میں حیرت انگیز طور پر 5 فیصد تک اضافہ کر دیا گیا ہے مثال کے طور پر اگر کوئی درآمد کنندہ دس لاکھ روپے کا سامان درآمد کرتا ہے تو اسے 5 فیصد کی شرح سے 50 ہزار روپے کے مساوی انکم ٹیکس ادا کرنا ہوگا جبکہ اپنا اصل انکم ٹیکس گوشوارہ داخل کرتے وقت 50 ہزار روپے کی یہ رقم تخمیناً " دو لاکھ 52 ہزار روپے کی خالص آمدنی ظاہر کرے گی۔ جبکہ کسی بھی کاروبار میں کوئی درآمد کنندہ 25 فیصد (دس لاکھ روپے پر دو لاکھ 52 ہزار روپے (خالص منافع حاصل نہیں کر سکتا ہے؟؟ اس لئے یہ کسی صورت میں بھی قرین انصاف نہیں ہے۔ لہٰذا اس کو کم کر کے کسی چھوٹ کے بغیر 2 فیصد کر دیا جانا چاہئے تاکہ تجارتی اور صنعتی درآمد کنندگان میں کوئی امتیاز نہ رہے۔

1 ۔ اس لئے ہم تجویز پیش کرتے ہیں کہ یہ 2 فیصد سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے۔

